SwachhataPakhwada in the Ministry of External Affairs

February 01, 2023

خارجی امور میں سوچھتا پکھواڑہ کا اہتمام

فروری 01، 2023

مرکزی حکومتی وزارت/محکمے، وزارت خارجہ کی طرف سے مقررہ شیڈول کے مطابق 15 - 01 جنوری 2023 کو 425 مقامات بشمول علاقائی پاسپورٹ دفاتر، ہندوستانی مشنوں/بیرونی پوسٹوں، سکریٹریٹ کی برانچوں اور ہندوستان میں اس کے ماتحت دفاتر میں سوچھتا پکھواڑہ کا اہتمام کیا گیا۔

2۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر نے وازرت کے سینئر عہدیداران کے ساتھ 13 جنوری 2023 کو ساؤتھ بلاک میں صفائی مہم کا جائزہ لیا۔ وزیر خارجہ نے ساؤتھ بلاک میں سیکشنز، واش رومز، نئے بنائے گئے میٹنگ روم اور تجدید کردہ کینٹین کا معائنہ کیا۔ وزیر خارجہ نے سوچھتا پکھواڑہ کو کامیاب مہم بنانے کے لیے وزارت کے ملازمین کے کاوشوں کی ستائش کی۔

3۔ پکھواڑہ کے دوران دفتر کے احاطے میں صفائی کی موجودہ سطح کو بہتر بنانے، کچڑے/فضلہ مواد کو ٹھکانے لگانے اور اس پیغام کو پھیلانے کے لیے سوشل میڈیا کے استعمال پر خصوصی زور دیا گیا۔ اس موقع پر وزارت اور اس کے تمام دفاتر/ ماتحت دفاتر اور ہندوستان میں ہندوستانی مشنوں/ بیرون ملک میں واقع پوسٹوں میں سوچھتا بینرز آویزاں کیے گئے تھے۔ ساتھ ہی عہدیداروں نے اپنے دفاتر اور اردگرد صاف ستھرا رکھنے کے لئے شرمدان کا آغاز کیا۔ بیت الخلاء، غسل خانوں، سیڑھیوں اور راہداریوں کی صفائی کے ساتھ ساتھ کاغذی کچرے، پلاسٹک کچڑا اور ای ویسٹ بینرز کو الگ کرنے اور محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانے کے لیے خصوصی مہم چلائی۔ ساؤتھ بلاک، جواہر لال نہرو بھون اور سشما سوراج بھون میں مختلف ٹیموں کے ذریعہ دیویانگ کی بیت الخلاء تک رسائی کا جائزہ لیا گیا۔

4۔ بیرون ملک ہندوستانی مشنوں/ ہندوستان میں آر پی اوز نے سوچھتا پکھواڑہ کے دوران سرگرمی کے ساتھ حصہ لیا۔ ہندوستانی مشنوں نے ہندوستانی تارکین وطن کو سوچھتا سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے شامل کیا۔ سوچھتا کی سرگرمیوں میں شامل تھا (i) خون عطیہ کیمپ (ای او آئی کھٹمنڈو، اے ایچ سی آئی ممباسا اور آرپی او حیدرآباد) (ii نُکڑ ناٹک (سی جی آئی ایس استنبول اور ستوے اور پاسپورٹ آفس وشاکھاپٹنم) (iii) پاگنگ واکس (سی جی آئی ستوے، ای او آئی آسونسین، پراگوے اور آر پی او لکھنو)۔ (iv) ویبنارز (ای او آئی بیگ، اے ایچ سی آئی ممباسا، آر پی او شملا اور بھوپال)۔ (v) پینٹنگ مقابلہ (اے ایچ سی آئی چٹنگانگ، ای او آئی انقرہ، ایچ سی آئی نیروبی وغیرہ) اور (vi) سپیلنگ کی شجر کاری (ایچ سی آئی سوا، ای او آئی باکو، ای او آئی برازیولے، آر پی او جالندھر وغیرہ)۔

5۔ سوچھتا پکھواڑہ سائز اور سکیل کی سطح پر جامع تھاجس میں ہندوستان اور بیرون ملک میں وسیع پیمانے پر ہزاروں لوگوں نے شرکت کی اور اس مہم میں دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔

نئی دہلی

فروری 01، 2023

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.